**11.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .........اسلم بیگ

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت ایک ترقی یافتہ ملک بننے کی جانب تیزی سے گامزن ہے اور اس مقصد کو حاصل کرنے میں اصلاحات اہم رول ادا کررہی ہیں۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت کو ایک اُمنگوں والا، خود کفیل اور پُراعتماد ملک بنانے کیلئے ہر ریاست کی صلاحیت کو مکمل طور پر بروئے کار لانا ہوگا۔

☆ ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر ٹرمپ انتظامیہ، مظاہروں کے معاملے پر حملے کرتی ہے تو امریکہ اور اسرائیل کو نشانہ بنایا جائے گا۔ اس ملک گیر بے چینی میں اب تک مرنے والوں کی تعداد 200 سے زیادہ ہوچکی ہے۔

☆ شمالی بھارت میں شدید سردی پڑ رہی ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے دلّی کیلئے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں، وڈوڈرہ میں پہلے ODI میں نیوزیلینڈ کے خلاف جیت کیلئے 301رن کا تعاقب کرتے ہوئے وراٹ کوہلی اور شبھمن گِل نے بھارت کی پوزیشن مضبوط کردی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Gujrat Conference**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، ایک بہت بڑی عالمی غیر یقینی صورتحال کے دوران ایک ایسی یقینی صورتحال کے دور سے گزررہا ہے، جس کی پہلے کوئی مثال نہیں ملتی۔ جناب مودی راجکوٹ میں، کچھ اور سوراشٹر خطوں سے متعلق درخشاں گجرات خطے کی دو روزہ کانفرنس کا افتتاح کرنے کے بعد اظہار خیال کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ایک ترقی یافتہ ملک بننے کی جانب تیزی سے بڑھ رہا ہے اور اِس مقصد کو حاصل کرنے میں، اصلاحات اہم رول ادا کررہی ہیں۔

وزیراعظم نے سرکردہ صنعتکاروں پر زور دیا کہ وہ بھارت کے سوراشٹر اور کچھ خطے میں سرمایہ کاری کریں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بنیادی ڈھانچے کے ساتھ ساتھ، صنعت کیلئے تیار ایک افرادی قوت آج کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔

انہوں نے کہا کہ گجرات کا سوراشٹر کچھ خطہ، مصنوعات سازی، ماحول کیلئے سازگار ترقی اور نقل وحمل کا ایک بنیادی مرکز بن کر اُبھرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ میں، 30 گیگاواٹ کا، ماحول کیلئے سازگار توانائی کا، دنیا کا سب سے بڑا پارک تیار کیا جارہا ہے۔

**2045-PM on Saurashtra Kuch-20 Secs**

خطے کی یکسر تبدیلی کو اُجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ موربی–جام نگر–راجکوٹ صنعتی علاقے کو اس کی ترقی، ہنر مندی اور عالمی رابطوں کے سبب 'Mini Japan' کا نام دیا گیا ہے۔ انہوں نے بندرگاہوں کی اہمیت والی ترقی، ماہی گیری اور بنیادی ڈھانچے کے میدان میں سرمایہ کاری کے بڑے موقعوں کی طرف بھی اشارہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے، جسے صنعت کیلئے تیار ایک افرادی قوت اور IT،GST ، بیمہ، محنت اور نیوکلیائی توانائی جیسے شعبوں میں اگلے دور کی اصلاحات سے مدد ملی ہے۔

**2045 PM on Next Gen Reforms**

وزیراعظم نے اس موقع پر، راجکوٹ میں، سوراشٹر کے 7ضلعوں میں 13ماحول دوست، اِسمارٹ صنعتی علاقوں کا ورچوئل وسیلے سے آغاز کیا اور طبی آلات کے ایک خصوصی پارک کا افتتاح کیا۔افتتاحی تقریب میں، مکیش امبانی، گرن اڈانی اور بی کے گوئینکا سمیت ممتاز سرکردہ صنعتکاروں نے شرکت کی۔اس موقع پر بھارت کے اَرب پتی تاجر اور ریلائنس انڈسٹریز لمیٹڈ کے چیئرمین و مینجنگ ڈائریکٹر مکیش امبانی نے اِس کانفرنس میں شرکت کرنے پر شکریہ کا اظہار کیا۔ یہ کانفرنس گاندھی نگر میں درخشاں گجرات کے 20 کامیاب سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقد کی گئی۔ انہوں نے وزیراعظم مودی کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ آزاد بھارت کی تاریخ میں ملک میں کبھی اتنی زیادہ پُرامیدی اور درخشانی نہیں پائی گئی، جیسا کہ آج پائی جاتی ہے۔بھارت کے اَرب پتی تاجر اور Welspun World کے بانی اور چیئرمین بال کرشن گوپی رام گوئینکا نے خاص طور پر کہا کہ کچھ خطہ دنیا کا، دیسی کپڑوں کی کمپنیوں کا سب سے بڑا مرکز کہلائے گا۔ انہوں نے گجرات کو جدید ترین شکل دینے پر وزیراعظم کی کوششوں، ویژن اور قیادت کو سراہا۔

اِس سے پہلے گجرات کے اپنے دورے کے دوسرے دن وزیراعظم نے آج دوپہر راجکوٹ میں درخشاں گجرات، تجارتی نمائش کا بھی افتتاح کیا۔ 18ہزار مربع میٹر پر منعقد کی گئی یہ عظیم نمائش ترقی اور اختراع کی ایک اہم نمائش ہے۔وزیراعظم مودی نے صبح کے وقت تاریخی سومناتھ سوابھیمان پَرو میں شرکت کی اورگیرسومناتھ ضلعے میں پربھاس پٹن ساحلی قصبے میں سومناتھ مندر کے لافانی جذبے کا جشن منایا۔ یہ تقریب محمود غزنی کے ہاتھوں سن 1026میں کئے گئے پہلے حملے کے ایک ہزار سال پورے ہونے کے موقع پر منعقد کی گئی ہے۔ جناب مودی نے اس موقع پر شوریہ یاترا کی قیادت کی۔×

**German Chancellor**

جرمنی کے چانسلر Friedrch Merz کل سے بھارت کے دو دن کے دورے پر ہوں گے۔ چانسلر Merz کا بھارت کا یہ پہلا سرکاری دورہ ہوگا۔ وزیر اعظم نریندر مودی کل احمدآباد میں جرمنی کے چانسلر کا خیر مقدم

کریں گے۔ دونوں رہنما بھارت–جرمنی کلیدی ساجھے داری کے مختلف پہلوؤں میں ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیں گے جس کو گذشتہ برس 25سال مکمل ہوگئے ہیں۔x

## PM-Metro

وزیراعظم نریندر مودی نے، آج شام گجرات میں، احمدآباد میٹرو ریل پروجیکٹ کے دوسرے مرحلے کے آخری سیکشن کا افتتاح کیا، جو سیکٹر 10A کو مہاتما مندر سے ملائے گا۔ 7اعشاریہ آٹھ آٹھ کلومیٹر کی یہ پٹّی، جس پر 7 اسٹیشنز ہیں مہاتما مندر کو، موٹیرا اسٹیڈیم سے ملائے گی اور اکشردھام،LDRP کالج، گِفٹ سٹی اور گاندھی نگر جیسے اہم علاقوں تک رسائی میں بہتری لائے گی۔کل وزیراعظم، گجرات کے اپنے دورے کے تیسرے دن، احمدآباد میں جرمن چانسلر Friedrich Merz کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنما سابرمتی آشرم بھی جائیں گے اور بین الاقوامی پتنگ فیسٹول میں شرکت کریں گے۔x

## Kerala Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا ہے کہ نریندر مودی سرکار بھارت کو ایک پُر اعتماد، حوصلے سے پُر اور خودکفیل ملک بنانا چاہتی ہے۔ انھوں نے اِس بات پر زور دیا کہ اِس مقصد کے حصول کیلئے ہر ریاست کو اپنی مکمل صلاحیتوں کو بروئے کار لانا چاہئے۔ جناب شاہ ترونتھا پورم میں 'نیوانڈیا، نیو کیرالہ کانکلیو' کا افتتاح کرنے کے بعداظہارِ خیال کر رہے تھے۔ جناب شاہ نے آیوروید، اطلاعاتی ٹیکنالوجی، سیاحت اور کھیل کود جیسے شعبوں میں کیرالہ کی کارکردگی کو سراہا۔ تاہم انھوں نے یہ بھی کہا کہ ریاست کو BJP کی سربراہی والے NDA کے تحت نئی قیادت کی ضرورت ہے تاکہ بقول اُن کے LDF اور UDF سرکاروں کی وجہ سے طاری سیاسی جمود پر قابو پایا جاسکے۔

**S/B Amit Shah**

## Pargati Special Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیر اعظم کے سرکردہ پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 2015میں اس کا آغاز کیا تھا اور اُس وقت سے PRAGATI پلیٹ فارم نے وزیر اعظم کے براہِ راست جائزے کے ذریعے حکمرانی کے عمل کی کایا پلٹ کی ہے اور ایسا بروقت نگرانی اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور دیگر عوامی شکایات کا ازالہ کر کے کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی سے متعلق وفاقیت کی مثال پیش کرتا ہے اور مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو ایک واحد ڈیجیٹل رابطہ فراہم کرتا ہے۔

آج اِس خصوصی سیریز کے تحت ہمارے نامہ نگار نے سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزرات کی قومی شاہراہ 56 کے لکھنؤ–سلطان پور سیکشن کو چار لین والا بنائے جانے کا جائزہ لیا ہے۔

**VC - Anupam**

NH-56کے 127 کلو میٹر سے زیادہ لکھنؤ–سلطانپور سیکشن کو چار لین والا بنایا جانا وسطی اور مشرقی

اترپردیش میں سڑک بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنائے جانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اسے چار مئی 2016 کو دو ہزار 16 کروڑ روپئے کی لاگت سے تعمیر کئے جانے کی منظوری دی گئی تھی۔ یہ کوریڈور لکھنؤ، بارہ بنکی، امیٹھی اور سلطان پور ضلعوں سے ہوکر گزرتا ہے۔ وزیر اعظم نے 25اپریل 2018 کو پرگتی میٹنگ میں اِس پروجیکٹ کا جائزہ لیا تھا۔ جائزے کے دوران، اترپردیش حکومت کو ہدایت دی گئی تھی کہ وہ تیزی سے زمین حاصل کرے اور بلاتاخیر معاوضہ تقسیم کرے۔

دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویرالفرید

## BJP TMC

بی جے پی نے کولکتہ میں Political Consultancy فرم I-PAC کے دفتر پر انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے چھاپے کے دوران، ترنمول کانگریس کی سربراہ اور مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کی مبینہ دخل اندازی کی نکتہ چینی کی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے سینئر رہنما روی شنکر پرساد نے I-PAC کے دفتر جانے کے وزیر اعلیٰ کے فیصلے پر سوال اٹھایا اور کہا کہ یہ نہ تو TMC کا دفتر ہے اور نہ ہی کسی پارٹی لیڈر کی رہائش گاہ۔جناب پرساد نے یہ بھی کہا کہ مغربی بنگال اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر Suvendu Adhikari کے موٹرگاڑیوں کے قافلے پر کل پولیس کی موجودگی میں حملہ کیا گیا۔

S/B Ravi Shankar prasad

## Iran Unrest US

ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر Qalibaf نے آج خبردار کیا ہے کہ اگر امریکہ ایران میں جاری احتجاج کے معاملے پر اسلامی جمہوریہ پر حملے کرے گا تو امریکی فوج اور اسرائیل کو نشانہ بنایا جائے گا۔ اسپیکر Qalibaf کا یہ بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی اِس دھمکی کے بعد سامنے آیا ہے کہ اگر حکام نے ملک گیر احتجاج کو دبانے کیلئے طاقت کا استعمال کیا تو ایران پر حملہ کیا جائے گا۔

دوسری جانب ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے امریکی انتظامیہ پر الزام لگایا ہے کہ ملک میں بڑے پیمانے پر احتجاج کے پیچھے اُس کا ہاتھ ہے۔ اس دوران، ایران میں حکومت مخالف ملک گیر احتجاج کو آج دو ہفتے سے زیادہ ہوگئے۔ اُدھر امریکہ میں قائم انسانی حقوق کے کارکنوں کی نیوز ایجنسی کے مطابق احتجاج کے دوران تشدد میں 200سے زیادہ لوگوں کی جانیں گئی ہیں۔x

## IMD Weather

شمالی بھارت میں سردی اور گھنے کُہرے میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے مغربی بنگال کیلئے ریڈ الرٹ، جبکہ اترپردیش، مشرقی راجستھان اور ہماچل پردیش میں کل کیلئے گھنے کُہرے کا اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ جموں وکشمیر، دلّی، ہریانہ، سوراشٹر، کچھ اور بہار کے کچھ علاقوں کیلئے اگلے دو دن کیلئے یلو الرٹ جاری کیا گیا

ہے۔ پنجاب، اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، لداخ، مغربی بنگال اور سکم کے ہمالیائی علاقوں میں بھی آئندہ تین روز کے دوران اسی طرح کی صورتحال کی پیشگوئی کی گئی ہے۔×

## Rev-Men's Cricket

مردوں کے کرکٹ میں، نیوزیلینڈ کی جانب سے دیئے گئے 301رن کے نشانے کا تعاقب کرتے ہوئے بھارتی ٹیم نے 48اوورس میں 6وکٹ پر 289رن بنالئے ہیں۔

تین میچوں کی وَن ڈے سیریز کا یہ پہلا میچ ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے گجرات کے وڈوڈرہ اسٹیڈیم میں نیوزیلینڈ کی ٹیم نے مقررہ 50اوورس میں 8وکٹ کے نقصان پر 300رن بنائے ہیں۔

روہت شرما 26 رن بناکر شروعات دور میں آؤٹ ہوگئی، جبکہ وراٹ کوہلی شبھمن گل کے ساتھ کریز پر جمے رہے اور 118رنوں کی شراکت داری نبھائی۔ شبھمن گل 71 گیندوں میں 56رن بناکر آؤٹ ہوئے۔ وراٹ کوہلی نے 93رنوں کی شاندار اننگ کھیلی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆